# نیلامی ٹھیکہ حقوق ماہی گیری خیبر پختونخوا

## برائے تین سال(2026-29) (2028-29, 2027-28, 2026-27)

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ ماہی پروری خیبر پختونخوا، مندرجہ ذیل اضلاع میں سرکاری پانیوں کے حقوق ماہی گیری برائے مالی سال ( 2026تا2029 ) کو E-Auction کے ذریعے ٹھیکہ پر دیئے جائیں گے۔ مذکورہ آبی ذخائر کے ٹھیکوں کی ای نیلامی میں شرکت کے خواہش مند افراد مقررہ ای آکشن ویب پورٹل https://fisheriesmis.kp.gov.pk پر رجسٹریشن اور آن لائین اپلائی کرکے حصہ لے سکتے ہیں جبکہ مزید معلومات اور تفصیلات بھی اس ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

| سریل نمبر | نام سرکاری پانی | مقررشدہ ضمانت (کال ڈیپازٹ) | رجسٹریشن کی اختتامی تاریخ | تاریخ/وقت نیلامی | رابطہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | زیبی ڈیم ضلع کرک | 75,000/- | 21/07/2026 | 22/07/2026 10:AM to 12:PM | آسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز کرک 0344-9044418 |
| 2 | مروان خیل ڈیم ضلع کرک | 20,000/- | | 22/07/2026 02:PM to 04:PM | |
| 3 | لواغر ڈیم ضلع کرک | 20,000/- | 23/07/2026 | 24/07/2026 10:AM to 12:PM | |
| 4 | چتری ڈیم ضلع ہری پور | 50,000/- | 23/07/2026 | 24/07/2026 02:PM to 04:PM | آسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز ہری پور 0995-920131 |
| 5 | تربیلا ڈیم ضلع ہری پور | 1,00,00,000/- | 27/07/2026 | 28/07/2026 10:AM to 12:PM | ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز تربیلا اینڈ خان پور ڈیم 0995-920501 |
| 6 | کنڈر ڈیم ضلع کوہاٹ | 75000/- | 29/07/2026 | 30/07/2026 10:AM to 12:PM | ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز کوہاٹ 0922-9260236 |
| 7 | گنڈیالی ڈیم ضلع کوہاٹ | 2,20,000/- | | 30/07/2026 02:PM to 04:PM | |
| 8 | اگیزبلری کنڈر ڈیم ضلع کوہاٹ | 1,60,000/- | 03/08/2026 | 04/08/2026 10:AM to 12:PM | |
| 9 | جلوزی ڈیم ضلع نوشہرہ | 1,40,000/- | 03/08/2026 | 04/08/2026 02:PM to 04:PM | ڈپٹی ڈائریکٹر فشریز نوشہرہ 0923-920501 |
| 10 | یونٹ نمبر 1 دریائے کابل ضلع پشاور | 50,000/- | 05/08/2026 | 06/08/2026 10:AM to 12:PM | آسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز پشاور 091-9212427 |
| 11 | گومل زام ڈیم ضلع ساؤتھ وزیرستان | 12,00,000/- | | 06/08/2026 02:PM to 04:PM | آسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز ساؤتھ وزیرستان 0333-9977381 |
| 12 | کوٹ رانا سال ڈیم ضلع کرم | 50,000/- | 10/08/2026 | 11/08/2026 10:AM to 12:PM | آسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز کرم 091-9211799 |
| 13 | میدانی سال ڈیم ضلع کرم | 90,000/- | | 11/08/2026 02:PM to 04:PM | |
| 14 | تلئی سال ڈیم ضلع باجوڑ | 10,000/- | 12/08/2026 | 13/08/2026 10:AM to 12:PM | آسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز باجوڑ 0301-3533643 |
| 15 | راناگان سال ڈیم ضلع باجوڑ | 1,30,000/- | | 13/08/2026 02:PM to 04:PM | |
| 16 | خونزے ڈیم ضلع خیبر | 10,000/- | 17/08/2026 | 18/08/2026 10:AM to 12:PM | آسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز خیبر 0313-9119925 |
| 17 | ملور ڈیم ضلع خیبر | 40,000/- | | 18/08/2026 02:PM to 04:PM | |

CS CamScanner

**شرائط نیلامی:**

(1)۔ ٹھیکے کا دورانیہ مجاز اتھارٹی کے منظوری کی تاریخ سے 31 اگست 2029 تک شمار کیا جائے گا۔(2)۔ ہر وہ شخص بولی میں حصہ لینے کا مجاز ہوگا، جس نے مقرر شدہ رقم کسی بھی شیڈول بینک خیبر پختونخوا سے کال ڈیپازٹ کی صورت میں بنام ڈائریکٹر جنرل فشریز خیبر پختونخوا بمعہ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی تجویز کردہ ای آکشن ویب پورٹل https://fisheriesmis.kp.gov.pk پر اپلوڈ کی ہو اور اصل زیر دستخطی کے دفتر میں ٹھیکہ تاریخ سے ایک دن پہلے تک جمع کی ہو، کال ڈیپازٹ بولی کے اختتام پر ناکام دہندہ گان کو واپس کردی جائے گی البتہ پہلے، دوسرے اور تیسرے نمبر پر زیادہ بولی دہندگان کے کال ڈیپازٹ ٹھیکہ کی باقاعدہ منظوری تک محکمہ کے پاس امانتاً رہینگے، علاوہ ازیں کامیاب بولی دہندہ کا کال ڈیپازٹ ٹھیکے کے اختتام تک محکمے کے ساتھ امانتاً رہے گا۔(نوٹ: تمام کال ڈیپازٹ کی تصدیق متعلقہ بینکوں سے کرائی جائے گی)۔(3)۔کامیاب بولی دھندہ اگر 7 دن کے اندر پہلی سال کی رقم جمع کرنے میں ناکام رہا تو نیلام کنندہ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ دوسرے نمبر پر زیادہ یا تیسرے نمبر پر بولی دینے والے کو پیشکش کی جائے گی بشرط یہ کہ ان کے بولی کے درمیان فرق مقرر شدہ کال ڈیپازٹ کے رقم سے کم نہ ہو جبکہ پہلے بولی دہندہ کا CDR بحق سرکار ضبط کیا جائے گا نیز دوسرے اور تیسرے بولی دھندہ کے کال ڈیپازٹ بھی انکار کی صورت میں ضبط کیے جائینگے بصورت دیگر ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔(4)۔ ٹھیکیدار مچھلی بعد از منظوری ٹھیکہ پہلے سال کے ٹھیکہ کی کل رقم پر مروجہ رولز کے مطابق انکم ٹیکس کی رقم ایڈوانس جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ اور دوسرے اور تیسرے سال کے پہلی قسط کے ساتھ ہی ایڈوانس انکم ٹیکس ادا کرنا ہوگا۔اس کے علاوہ حکومت کی طرف سے مجوزہ ٹیکسز وقتاً فوقتاً لاگو ہونے اور کمی بیشی کی صورت میں بھی ادا کرنے کا پابند ہو گا۔(5)۔ ٹھیکیدار پر فشریز اینڈ ایکوا کلچر ایکٹ 2022ء، فشریز رولز 1976 اور تمام قوانین بشمول ترامیم جو وقتاً فوقتاً کی گئی ہو یا آئندہ کی جائیں گی، کی پابندی لازمی ہوگی۔(6)۔ مجاز اتھارٹی وجہ بتائے ٹھیکہ نامنظور کرنے کا مجاز ہوگا۔(7)۔ کامیاب بولی دہندہ/ ٹھیکدار دستخط شدہ معاہدہ کی شرائط کا پابند ہوگا۔ (8)۔ ٹھیکدار کو بطور سیکورٹی ٹھیکہ کی کل رقم کا ایک تہائی برابر بینک گارنٹی یا کال ڈیپازٹ جمع کرنی ہوگی۔ (9)۔ وہ شخص جو محکمہ ماہی پروری کا یا کسی اور سرکاری ادارے کا باقی دار (Defaulter) ہو، نیلامی ٹھیکہ میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہوگا۔(10)۔ ٹھیکدار اس بات کا پابند ہوگا جو کشتیاں ماہی گیری کے لیے استعمال ہوتی ہے۔اس میں تمام حفاظتی انتظامات بشمول لائف جیکٹ میسر ہو۔اور یہ کہ مذکورہ کشتیاں ماہی گیری کے علاوہ کسی دوسرے مقصد کے لیے استعمال نہیں ہوگی بصورت دیگر کسی بھی نقصان کی صورت میں ٹھیکہ دار خود ذمہ دار ہوگا اور محکمہ ماہی پروری پر کسی قسم کی ذمہ داری نہیں ہوگی۔.(11). نیلامی E-Auction کے طریقہ کار پر ہوگی۔ اگر کسی کو مذکورہ طریقہ کار کا علم نہ ہو تو وہ ٹھیکہ تاریخ سے پہلے کسی بھی وقت دفتری اوقات میں محکمہ ہذا کا وزٹ کر کے سسٹم کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکتا ہے۔(12). مزید معلومات/ شرائط وضوابط کیلئے دفتری اوقات کار میں زیر دستخطی سے بلمشافعہ یا بذریعہ فون نمبر 0919212096 پر یا متعلقہ ضلعی دفتر کے نمبر پر رابطہ کیا جاسکتا ہے.

**المشتہر: ڈائریکٹر جنرل فشریز خیبر پختونخوا**

CamScanner